ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((510

22.10.25

بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کا بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں خصوصاً پولیس کے شہداء کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے احسن اقدام، بہاولپور پولیس اور خان لیب اور کیپس(KIPS) کالج حاصل پور کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔پولیس افسران و جوانوں کی ویلفیئر بہاولپور پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال

تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کے بچوں خصوصاً پولیس کے شہداء کی فیملیز کو بارعائت اور معیاری تعلیم اور علاج معالجہ کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال اور وہاب علی ڈائریکٹر خان لیب و پروفیسر سہیل ہاشمی ڈائریکٹر کیپس(KIPS) کالج حاصل پور کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔مفاہمتی یادداشت کی تقریب ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور میں منعقد ہوئی ۔مفاہمتی یادداشت کے مطابق خان لیب اور کیپس(KIPS) کالج حاصل پور میں پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں اور ان کی فیملیز کو خصوصی رعائت پر معیاری تعلیم اور علاج معالجہ و دیگر سہولیات مہیا کی جائیں گی۔معاہدے کی رو سے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوان اپنا سروس کارڈ دیکھا کر یا ڈی پی او آفس سے سرٹیفکیٹ حاصل کر کے سہولیات حاصل کرنے کے مجاز ہونگے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور نے کہا کہ پولیس کے شہداء، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچوں کی معیاری تعلیم و علاج معالجہ کے ساتھ ساتھ دیگر سہولیات کے لئے بھی عملی اقدامات کئے جارہے ہیں اور مختلف اداروں کے ساتھ مزید ایم او یوز دستخط کیے جائیں گے۔ڈائریکٹر خان لیب وڈائریکٹر کیپس(KIPS) کالج حاصل پور نے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں کو دی جانی والی سہولیات کے حوالے سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ڈی پی او بہاولپور نے مزید کہا کہ پولیس کے جوانوں کی ویلفیئر ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال اور خان لیب اور کیپس کالج حاصل پور کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے